1989ء سے مسلسل اشاعت | 21 تا 27 اکتوبر 2022 | شمارہ نمبر 43 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 70/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
| --- | --- |
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands of the year Award 2010 | Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-3262978 6 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp | BMG




بزنس مین پینل

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

بزنس مین گروپ

محمد سلیم بیکیا

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

خامس سعید بٹ

چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general end use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

# INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road,
Karachi-74000.
UAN: 111-IBM-PAK | Tel: +92-21-32627061-63 | Fax: +92-21-32629786
Email: saleemmitc@cyber.net.pk | saleemibm@cyber.net.pk
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

PAPER THAT WORKS EVERYDAY



ART PAPER
• 2/S COATED ART PAPER
• SINAR BRAND

EnOva SINAR



PHOTOCOPY PAPER
• PAPERLINE GOLD • INTEGRITE
• PAPERLINE • AONE
• EXCELPRO

PAPERLINE GOLD
ExcelPro
MULTI PURPOSE PREMIUM PAPER PAPERLINE
a1ne



WOODFREE PAPER
• SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
• EXTRAPRINT PAPER PLUS
• WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
pplus EXTRAPRINT LUXURY OFFSET
srw EXTRAPRINT LUXURY OFFSET



SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
• CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
• FOOPAK GRASEPROOF PAPER
• ENZA KRAFT PAER

Impressions CARBONLESS
Ellustra DRAWING PAPER
enza foopak CONCORDE



QUALITY STATIONERY ITEMS
• SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



OTHER PRODUCTS
• OFFSET PRINTING PAPER
• SINAR BLUISH WHITE
• PAPER PLUS
• 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
• RECYCLED PAPER
• SINAR BLUISH WHITE
• WOODFREE PAPER

paperplus

FOR BOOKING CONTACT

IBM
ISO 9001:2015 CERTIFIED

INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT
First ISO 9001:2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN: 111-IBK-PAK
ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, website: www.ibkpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
**پبلشر حرا رؤف**
نے پرنٹر عبدالغفور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 25 رنگین اور 17 عمومی صفحات پر مشتمل ہے

**رابطہ افس**
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

**بانی: محمد رؤف**
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

**چارجز**
قیمت: 70 روپے
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

## پاپگائی کے انتخابات: سعد حلیم چیئرمین اور اسماعیل عزیز سینئر وائس چیئرمین منتخب

کراچی (پیپر بزنس نیوز) یہاں کراچی میں پاکستان ایسوسی ایشن آف پرنٹنگ اینڈ گرافک آرٹس انڈسٹری (پاپگائی) کے انتخابات 2022-23 مکمل ہو گئے ہیں۔ تمام اراکین مینجنگ کمیٹی وعہدیدار بلا مقابلہ منتخب قرار پائے۔ پاپگائی کے اعلامیہ کے مطابق سعد حلیم خان، چیئرمین ناردرن زون (پی آئی پی پرائیویٹ لمیٹڈ) منتخب ہوئے جبکہ محمد اسماعیل عزیز، سینئر وائس چیئرمین، سدرن زون (سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ) منتخب ہوئے۔ دیگر منتخب عہدیداران میں عبدالودود علوی، وائس چیئرمین ناردرن زون (عدنان پرنٹرز) اور عارف حسین صدیقی، وائس چیئرمین سدرن (آئیکون کارپوریشن) شامل ہیں۔ اراکین ایگزیکٹو کمیٹی کے نام مندرجہ ذیل ہیں۔

### سدرن زون، ایگزیکٹو ممبرز


محمد اسماعیل عزیز، سینئر وائس چیئرمین، ساؤتھ زون (سی پی پی سروسز پرائیویٹ لمیٹڈ)، عارف حسین صدیقی، وائس چیئرمین ساؤتھ زون (آئیکون کارپوریشن)، باسط ایم اے زیدی (مائٹی ڈیلز)، ڈاکٹر ایس ایم منہاج (دی ٹائم پریس پرائیویٹ لمیٹڈ)، سلمان ہارون (عرفات پرنٹنگ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ)، زین فاضل (ڈیجیٹل پروسز پرائیویٹ لمیٹڈ)، محمد ندیم خان (لیاقت پیپر اینڈ اسٹیشنری مارٹ، کوئٹہ)

### ناردرن زون ایگزیکٹو ممبرز

نصیر احمد بلوچ (لیوٹو پیکل پرائیویٹ لمیٹڈ)، سید مبین حسینی (مخدوم پرنٹنگ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ)، شاہد اکرام شیخ (دلاور حسین اینڈ سنز پرنٹرز)، محمد عباس دین (اسپرنگ انکس پرائیویٹ لمیٹڈ)، عبدالمجید (ڈاٹ پرنٹ پرائیویٹ لمیٹڈ)، بدر توقیر (ایچ وائے انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ)، عرفان منیر (ٹیم ورک پرنٹر) فہیم بھٹہ (کمیونیکیٹر)


سعد علیم خان


محمد اسماعیل عزیز


عبدالودود علوی


عارف حسین صدیقی

## اپیما کا وفد فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کے لیے روانہ ہو گیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا وفد خامس سعید بٹ کی سربراہی میں 19 تا 23 اکتوبر جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں بک فیئر میں شرکت کرنے کے لیے روانہ ہو گیا۔ وفد کے دیگر اراکین میں فیاض احمد قادری، خواجہ محمد الیاس، محمد حفیظ، اطہر نصیر جوہر، فواد اقبال، محمد نعیم، حافظ شرجیل، نوید اختر شیخ، رانا فیاض احمد، محمد ندیم، زاہد اقبال، محمد شکیل اور یاسر صدیقی شامل ہیں۔



روانگی سے قبل گفتگو کرتے ہوئے خامس سعید بٹ نے کہا کہ اپیما کا وفد ہر سال فرینکفرٹ بک فیئر میں شرکت کرتا ہے جس کا مقصد صرف بیرونی تجارت، سرمایہ کاری اور مشترکہ منصوبہ سازی کو فروغ دینا ہی نہیں بلکہ پاکستان کی ساکھ بھی عالمی سرمایہ کاروں کی نظر میں بہتر کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بک فیئر میں شرکت لکے علاوہ وفد فرینکفرٹ میں پاکستان قونصل جنرل، چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور دیگر تجارتی اداروں کا دورہ کرے گا۔ اپیما کا وفد دو طریقہ تجارت بالخصوص پیپر انڈسٹری میں تعاون کو فروغ دینے کے لیے بی ٹو بی میٹنگز بھی کرے گا۔ خامس سعید بٹ نے توقع ظاہر کی کہ حسب سابق اس مرتبہ بھی آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کا یہ دورہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# ڈی جی ٹی او قواعد میں ترامیم، چیمبر اور ایسوسی ایشنز کا دورانیہ ایک سال سے بڑھا کر دو سال کر دیا گیا

ملتان (نیوز ڈیسک) کوآرڈینیٹر وممبر ایگزیکٹو کمیٹی فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف پی سی سی آئی) ملک طلعت سہیل نے کہا ہے کہ ٹریڈ رولز میں ترمیم کر کے ٹریڈ باڈیز ایسوسی ایشنز، چیمبرز اور ایف پی سی سی آئی کے صدر، چیئرمین، سینئر وائس چیئرمین، وائس چیئرمین اور ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبران کا دورانیہ ایک سال سے بڑھا کر دو سال کر دیا گیا ہے۔ یہ بات انہوں نے بدھ 12 اکتوبر 2022 کو یہاں جاری ایک بیان میں کی۔ انہوں نے کہا کہ ایف پی سی سی آئی گذشتہ کچھ عرصہ سے ٹریڈ باڈیز رولز میں ترمیم کے لیے کوشاں تھی، اس حوالے سے قومی اسمبلی کی تجارت، خزانہ کی قائمہ کمیٹیوں اور سینٹ کے اسٹینڈنگ کمیٹیوں کی منظوری کے بعد قومی اسمبلی میں دو بار بل پیش کیا گیا، جو کہ بلاآخر پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں منظور ہوگیا ہے، تمام صنعتی وتجارتی تنظیموں کا یہ دیرینہ مطالبہ تھا جسے ایف پی سی سی آئی نے مسلسل جدوجہد سے تکمیل تک پہنچایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایک سال کے لیے نمائندہ تنظیموں کے لیے یکسوئی سے کام کرنا ممکن نہ تھا، معاشی صنعتی و تجارتی تنظیموں کے لیے معاشی پالیسیوں کے لئے عمل پیرا ہونے کے لیے یہ ترمیم اہم ضرورت تھی۔ انہوں نے اس حکومتی اقدام کو سراہتے ہوئے تمام نومنتخب ایسوسی ایشنز اور چیمبرز کے نمائندوں کو مبارکباد دی اور کہا کہ ان کی ذمہ داریوں میں اضافہ ہوگیا ہے، انہیں یکسوئی سے اپنے اپنے طبقات کے مسائل کے حل اور معاشی پالیسیوں میں اپنا مثبت کردار ادا کرنا ہوگا۔

# انتخابی پروگرام کا اعلان نہ کرنے پر ڈی جی ٹی او کا ایف پی سی سی آئی کو نوٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ڈائریکٹر جنرل ٹریڈ آرگنائزیشن (ڈی جی ٹی او) نے سیکرٹری جنرل فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کو الیکشن کمیشن کی عدم تشکیل اور ایف پی سی سی آئی کے سالانہ انتخابات کے شیڈول کا بروقت اعلان نہ کرنے پر نوٹس جاری کر دیا۔ منگل 18 اکتوبر 2022 کو یہاں سرکاری ذرائع نے پیشرفت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ سیکرٹری جنرل ایف پی سی سی آئی کو جاری نوٹس میں کہا گیا ہے کہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت ایف پی سی سی آئی کے لئے ہر سال اکتوبر کے وسط تک انتخابی شیڈول کا اعلان اور انتخابات کے انعقاد کے لئے الیکشن کمیشن کی تشکیل کرنا ضروری ہے۔ ٹریڈ آرگنائزیشن رولز 2013 کے رولز 14 اور 16 کے تحت ان فیصلوں کی کاپیاں ریگولیٹر آف ٹریڈ آرگنائزیشن، وزارت تجارت، اسلام آباد کے دفتر میں جمع کرانا ہوتی ہیں۔ نوٹس میں مزید کہا گیا ہے کہ دفتری ریکارڈ سے یہ سامنے آیا ہے کہ ایف پی سی سی آئی نے مذکورہ بالا کاپیاں جمع نہیں کروائیں جو ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے سیکشن 11 اور رول 14 اور 16 کی خلاف ورزی ہے۔ ٹریڈ آرگنائزیشن رولز 2013 کے تحت نوٹس جاری ہونے کے 3 دن کے اندر جواز پیش کرنے کی ہدایت کی گئی ہے کہ کیوں نہ ایف پی سی سی آئی کے خلاف قانون کے تحت کارروائی کی جائے۔

## ایف بی آر نے چھوٹے ریٹیلرز کیلئے آسان انکم ٹیکس ریٹرن فارم جاری کر دیا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے 20 لاکھ روپے سے کم سالانہ کاروبار کرنے والے خوردہ فروشوں کے لیے آسان انکم ٹیکس ریٹرن فارم جاری کر دیا ہے۔ ایف بی آر نے جمعرات 13 اکتوبر کو انکم ٹیکس رولز 2002 میں ترامیم کی تجویز کے لیے SRO.1892(I)/2022 جاری کیا۔ نئے ریٹرن فارم کا اطلاق ٹیکس سال 2022 کے لیے ہوگا۔ نئے ریٹرن فارم میں، تاجروں اور خوردہ فروشوں کو بنیادی معلومات کا اعلان کرنا ہوگا جیسے کاروبار/ رسیدیں، فروخت کی لاگت، اسٹاک کھولنے، خریداری، دیگر اخراجات، بند ہونے والے اسٹاک، مجموعی منافع، منافع اور نقصان کے اخراجات، اور دیگر معلومات وغیرہ۔ ایف بی آر نے افراد اور افراد کی ایسوسی ایشن (اے او پیز) کے لیے ریٹرن فارم بھی جاری کیا ہے جن کا ٹرن اوور 50 ملین روپے تک ہے۔ SRO1891(I)/2022 کے ذریعے، FBR نے ٹیکس دہندگان کے لیے سیکشن 7E کے تحت غیر منقولہ جائیدادوں پر ٹیکس کی ادائیگی کے حوالے سے متعلقہ فارم تجویز کیا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس دہندگان سے کہا ہے کہ وہ سیکشن 7E کے تحت قابل ٹیکس کیپٹل اثاثوں کی کل مالیت، سیکشن 7E کے تحت ڈیمڈ انکم اور سیکشن 7E کے تحت ڈیمڈ انکم پر ٹیکس کی وضاحت کریں۔ فارم میں غیر منقولہ جائیداد کی قیمت/ اعلان کردہ قیمت اور منصفانہ مارکیٹ ویلیو کے لیے علیحدہ کالم بھی تجویز کیے گئے ہیں۔

# ڈالر کی اونچی اڑان کا پھر آغاز، انٹر بینک میں ڈالر 221 پر پہنچ گیا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 28 ستمبر کو ڈالر کی مصنوعی اضافی قیمت میں جس کمی کا آغاز ہوا تھا اب اس میں نہ صرف ٹھہراؤ آ گیا ہے بلکہ اب دوبارہ افواہوں کے باعث ڈالر کی قدر میں اضافہ شروع ہوگیا ہے۔ انٹر بینک مارکیٹ میں 19 اکتوبر بروز بدھ کو صبح کے کاروبار کے دوران مقامی کرنسی کی قدر میں ڈالر کے مقابلے میں 1.04 روپے کی کمی واقع ہوئی۔ فاریکس ایسوسی ایشن آف پاکستان کے اشتراک کردہ ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ پاکستانی روپیہ صبح 11:13 بجے کے قریب 220.75 روپے فی ڈالر پر ٹریڈ ہو رہا تھا، یوں 18 اکتوبر کو 219.71 روپے پر بند ہونے ہونے کے بعد اس کی قیمت میں مزید 0.47 فیصد کی کمی ہوئی۔ اسحٰق ڈار کے بطور وزیر خزانہ تقرر کے اعلان کے بعد سے روپے کی قدر میں بہتری کا شروع ہونے والا 13 روزہ سلسلہ 12 اکتوبر کو اس وقت تھا جب ڈالر کی قدر میں دوبارہ معمولی اضافہ دیکھا گیا۔ ان 13 سیشنز میں امریکی کرنسی کے مقابلے میں روپے کی قدر میں تقریباً 22 روپے یا 10.1 فیصد اضافہ ہوا تاہم اس رجحان کے پلٹنے کے بعد سے روپیہ گزشتہ پانچ سیشنز میں 1.92 روپے یا 0.88 فیصد سستا ہوا۔ ٹریس مارک میں ریسرچ کی سربراہ کومل منصور نے روپے کی گراوٹ کی وجہ ملک کے غیر ملکی ذخائر کی مسلسل کمی کو قرار دیا، جو 7 اکتوبر کو ختم ہونے والے ہفتے میں تین سال کی کم ترین سطح پر آ گئے تھے۔ انہوں نے کہا کہ غیر ملکی زرمبادلہ کے تبادلے بھی منفی ہیں اور انٹربینک مارکیٹ میں ڈالر کی کمزور لیکویڈیٹی کو ظاہر کرتے ہیں اور پاکستان سی ڈی ایس (کریڈٹ ڈیفالٹ سویپس) بھی بڑھ رہے ہیں۔ کنول منصور نے کہا کہ تجارتی خسارے میں کمی اور روپے کی قدر کم ہونے پر اسحٰق ڈار کے تبصرے نے مقامی کرنسی کی حمایت کے لیے ایک کیس بنایا لیکن اب بھی انٹربینک اور اوپن مارکیٹ دونوں میں ڈالر کی شدید طلب ہے جس سے روپیہ دباؤ میں رہے گا۔ ایکسچینج کمپنیز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے جنرل سیکرٹری ظفر پراچا نے بھی ایسا ہی خیال ظاہر کیا اور کہا کہ اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی شدید قلت ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرے مارکیٹ میں ڈالر کے نرخ بہت زیادہ ہیں، تقریباً 232-230 روپے فی ڈالر، جبکہ پشاور اور افغانستان میں یہ نرخ بالترتیب 235 روپے اور 245 روپے فی ڈالر ہیں، لہذا لوگ قانونی طریقے سے ایکسچینج کمپنیوں سے رابطہ نہیں کر رہے۔ انہوں نے روپے کی قدر میں کمی کے چند دیگر عوامل کا بھی حوالہ دیا، جن میں ترسیلات زر اور ذخائر میں کمی اور موڈیز کی انویسٹر سروس کی جانب سے ملک کی خود مختار کریڈٹ ریٹنگ میں کمی شامل ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جولائی۔ستمبر 2022: آئی کے آفسیٹ میں 10 روپے کلو اور جاپان کنماری میں 85 روپے کلو اضافہ ہوا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) 2022 کی تیسری سہ ماہی جولائی۔ستمبر کے دوران آئی کے آفسیٹ کی قیمتیں مستحکم رہیں اور پوری سہ ماہی میں 10 روپے کلو کا اضافہ ریکارڈ ہوا جبکہ اسی مدت میں قیمتوں میں 10 روپے کلو کی کمی بھی دیکھی گئی تھی، تاہم اب یہ 400 روپے کلو میں دستیاب ہے۔ کن ماری آفسیٹ جاپان کی قیمتوں میں اضافہ ہوا جو 340 سے بڑھ کر 425 روپے کلو ہو گئیں۔ اس سے قبل 2021 کی پہلی اور دوسری سہ ماہی آئی کے آفسیٹ پیپر انڈونیشیا کے درآمد کنندگان کے لئے قیمتوں کے لحاظ سے نہایت شاندار رہی تھی۔ 2022 کی پہلی سہ ماہی بھی ان کے لئے خوش کن رہی تھی۔ جنوری۔مارچ 2022 کی پہلی سہ ماہی میں انڈیگو آفسیٹ پیپر میں 20 روپے، آئی کے آفسیٹ میں ریل کٹ میں 65 روپے جبکہ شیٹس میں 60 روپے فی کلو اضافہ ہوا تھا۔ آفسیٹ پیپر آسٹریلیا 45 روپے فی کلو اضافے کے ساتھ نمایاں رہا تھا۔ کنماری جاپان میں 50 روپے کلو اضافہ دیکھنے میں آیا تھا۔ دوسری سہ ماہی اپریل۔جون 2022 میں آئی کے آفسیٹ کی قیمتوں میں 75 روپے کلو اضافہ ہوا تھا اور اس کی قیمتیں 410 روپے کلو تک پہنچ گئی تھیں۔ ریل کٹ آئی کے بھی 75 روپے اضافے کے بعد 390 روپے کلو میں فروخت ہوا۔ جاپان کنماری 40 روپے اضافے کے بعد 350 روپے کا ہو گیا۔ آسٹریلین آفسیٹ پیپر 330 روپے کلو میں دستیاب تھا۔ لیکن اب تیسری سہ ماہی میں قیمتیں مستحکم رہیں۔ ذیل میں جولائی۔ستمبر 2022 میں ہونے والی قیمتوں کا تفصیلی چارٹ دیا جا رہا ہے۔

## Prices Trend in July-September-2022 (Per Kg Rates)

## Imported **OFFSET PAPER Indonesia and Japan**

| IK 035 | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 70 | 400 | 400 | 408 | 415 | 430 | 400 | 405 | 400 | 390 | 390 | 400 | 410 | ( + 10 ) |
| All Size | 75 | 400 | 400 | 408 | 415 | 430 | 400 | 405 | 400 | 390 | 390 | 400 | 410 | ( + 10 ) |
| All Size | 80 | 400 | 400 | 408 | 415 | 430 | 400 | 405 | 400 | 390 | 390 | 400 | 410 | ( + 10 ) |
| All Size | 90 | 400 | 400 | 408 | 415 | 430 | 400 | 405 | 400 | 390 | 390 | 400 | 410 | ( + 10 ) |
| All Size | 100 | 400 | 400 | 408 | 415 | 430 | 400 | 405 | 400 | 390 | 390 | 400 | 410 | ( + 10 ) |

| IK REEL CUT | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 70 | 390 | 390 | 400 | 410 | 420 | 390 | 400 | 395 | 385 | 385 | 395 | 400 | ( + 10 ) |
| All Size | 75 | 390 | 390 | 400 | 410 | 420 | 390 | 400 | 395 | 385 | 385 | 395 | 400 | ( + 10 ) |
| All Size | 80 | 390 | 390 | 400 | 410 | 420 | 390 | 400 | 395 | 385 | 385 | 395 | 400 | ( + 10 ) |

| APRIL FINE | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| All Size | 70 | 395 | 395 | 395 | 405 | 410 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | ( - 5 ) |
| All Size | 80 | 395 | 395 | 395 | 405 | 410 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | ( - 5 ) |
| All Size | 100 | 395 | 395 | 395 | 405 | 410 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | 390 | ( - 5 ) |

| JAPAN KINMARI | | JULY-2022 | | | | AUG-2022 | | | SEP-2022 | | | | | Price +Increase -Decrease (Rupees) |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| Size | Gram | 1-Jul | 8 | 22 | 29 | 5 | 19 | 26 | 2 | 9 | 16 | 23 | 30 | |
| 23X36 | 70 | 340 | 340 | 340 | 340 | 340 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | 425 | ( + 85 ) |




یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM





# AQNA

## Brands

## Products of PINDO DELI

ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management

ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.

UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.





Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# پاکستان کسٹمز کا آن لائن شکایت مینجمنٹ سسٹم کا افتتاح

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستان کسٹمز نے کسٹمز سے متعلق شکایات اور مسائل کے حل کے لیے ایک آن لائن شکایت مینجمنٹ سسٹم اور ڈیجیٹل ڈیش بورڈ کا آغاز کیا ہے۔فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس میں شکایت کے نظام کی افتتاحی تقریب میں ڈائریکٹر جنرل کسٹمز واجد علی نے کہا کہ یہ نظام تنازعات کے حل کے وقت کو کم کرنے، کسٹمز کے فزیکل دوروں کو کم کرنے اور کاروبار کرنے میں آسانی کے انڈیکس میں ملک کی درجہ بندی کو بہتر بنانے میں مدد کرے گا۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ایف پی سی سی آئی کے صدر عرفان اقبال شیخ نے کہا کہ اس اقدام کا طویل انتظار کیا جا رہا تھا کیونکہ WeBOC میں خامیاں تھیں جنہیں صارف دوست نظام کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے۔کسٹمز نے یہ نظام اقوام متحدہ کے ترقیاتی پروگرام (یو این ڈی پی) پاکستان کے دفتر کے تعاون سے تیار کیا ہے۔یو این ڈی پی نے اس بات پر زور دیا ہے کہ کاروباری خواتین اور نوجوان تاجروں کو بھی اس نظام کو بروئے کار لانے کی ترغیب دی جانی چاہیے تاکہ ملک میں کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کیا جا سکے اور مساوات کو فروغ دیا جا سکے اور روزگار پیدا کیا جا سکے۔ایف پی سی سی آئی کے سینئر نائب صدر سلیمان چاولہ نے کہا کہ افیڈریشن علیٰ ادارہ، جس کی چھتری تلے 250 سے زائد چیمبرز، تجارتی ادارے اور ایسوسی ایشنز ہیں، پاکستان کی کاروباری، صنعت اور تجارتی برادری کو اس نظام کے بارے میں آگاہی اور تعلیم دینا چاہتی ہے۔"اس کی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہے کہ سسٹم سے متعلقہ معاملات میں شکایات درج کرانے کے لیے نظام کو کتنی اچھی اور کتنی جلدی اپنایا جاتا ہے۔" ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر شبیر منشا نے کہا کہ کسٹمز نے بجا طور پر ایف پی سی سی آئی کے پلیٹ فارم کا انتخاب کیا ہے کیونکہ یہ تمام کاروباری شعبوں اور کاروباری برادری کے طبقات میں نظام کو مقبول بنانے اور اس کے بارے میں آگاہی پیدا کرنے کے لیے منفرد مقام رکھتا ہے۔ایم اے جبار، نائب صدر ایف پی سی سی آئی نے نشاندہی کی کہ جہاں تاجر برادری نے ڈیجیٹلائزیشن کو سراہا، وہیں محکمہ کسٹم کو بھی بدانتظامی اور بدانتظامی کے خاتمے کے لیے کام کرنا چاہیے تاکہ شکایات کے واقعات کو کم کیا جا سکے۔

# شرح سود کو دس فیصد تک لایا جائے، صدر اسلام آباد چیمبر

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) اسلام آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر احسن ظفر بختاوری نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ شرح سود کو کم کر کے دس فیصد سے نیچے لایا جائے تاکہ کاروبار کو بہتر فروغ ملے اور معیشت مشکلات سے نکل کر بہتری کی طرف گامزن ہو۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے ایک وفد سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس نے صدر ملک خاور شہزاد کی قیادت میں آئی سی سی آئی کا دورہ کیا اور نئے عہدیداران کو مبارک باد دی۔احسن ظفر بختاوری نے کہا کہ تھائی لینڈ میں شرح سود اس وقت 1 فیصد، تائیوان 1.63 فیصد، ملائشیا میں 2.5 فیصد، جنوبی کوریا 3 فیصد، چین 3.65 فیصد ویتنام 5 فیصد، بنگلہ دیش 5.75 فیصد اور انڈیا میں 5.9 فیصد لیکن پاکستان میں شرح سود 15 فیصد ہے جو خطے میں سب سے زیادہ ہے اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت کو مسائل سے نکالنے کا سب سے بہتر طریقہ برآمدات میں نمایاں اضافہ کرنا ہے لیکن بلند شرح سود کے ماحول میں ایسا کرنا بہت مشکل ہے۔انہوں نے پرزور مطالبہ کیا کہ حکومت شرح سود کو کم کر کے سنگل ڈیجیٹ میں لے آئے جس سے کاروبار اور سرمایہ کاری میں اضافہ ہو گا اور معیشت بہتر ہو گی۔جہلم چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر ملک خاور شہزاد نے اپنے خطاب میں کہا کہ بلند شرح سود، تیل، بجلی و گیس کی مہنگی قیمتوں اور دیگر مسائل کی وجہ سے کاروباری و صنعتی اداروں کو اس وقت کافی مشکلات درپیش ہیں انہوں نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ کاروبار میں آسانیاں پیدا کرنے کیلئے ٹھوس اقدامات لئے جائیں اور شرح سود میں نمایاں کمی کی جائے۔انہوں نے کہا کہ شرح سود میں اضافے کی وجہ سے ملک کا قرضہ بھی کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔آئی سی سی آئی کے گروپ لیڈر خالد اقبال ملک، جہلم چیمبر آف کامرس کے گروپ لیڈر راجہ انور، ایف پی سی سی آئی کے نائب صدر قاضی اکبر، ظفر بختاوری، زبیر احمد ملک، محمد اعجاز عباسی، ملک سہیل حسین اور دیگر نے بھی اپنے خیالات کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ بزنس کمیونٹی کی مشاورت سے کاروبار کو فروغ دینے کیلئے آئندہ کا لائحہ عمل طے کیا جائے تاکہ پاکستان کو مشکلات سے نکال کی ترقی کی راہ پر گامزن کیا جا سکے۔

# بہاولپور کے چھوٹے تاجروں کی سالانہ فکس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) ریجنل ٹیکس آفس بہاولپور کی جانب سے قائم کردہ تاجر کمیٹی نے چھوٹے تاجروں پر فکس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دیدی۔ایف بی آر کے ماتحت ادارے ریجنل ٹیکس آفس بہاولپور کی جانب سے قائم کردہ تاجر کمیٹی نے چھوٹے تاجروں سے بجلی بلوں میں فکس ٹیکس وصول نہ کرنے اور دکان کے حجم کے بجائے ٹرن اوور کی بنیاد پر 3 درجہ بندیوں میں تقسیم کر کے 6 ہزار، 12 ہزار اور 15 ہزار روپے سالانہ فکس ٹیکس عائد کرنے کی تجویز دیدی۔چھوٹے تاجروں کے لئے اردو زبان میں ایک صفحے پر مشتمل سادہ ریٹرن فارم متعارف کرایا جائے، دستیاب دستاویز کے مطابق چیف کمشنران لینڈ ریونیو ٹیکس ہاؤس بہاولپور ڈاکٹر محمد سرمد قریشی کے دستخطوں سے فیڈرل بورڈ آف ریونیو ہیڈ کوارٹر اسلام آباد کو تاجر گروپوں کے نمائندوں پر مشتمل کمیٹی کے ساتھ 2 ہفتے کے تفصیلی مذاکرات کے بعد تیار کی جانے والی سفارشات بھجوائی گئی ہیں جس میں بتایا گیا ہے کہ مختلف تاجر گروپوں پر مشتمل کمیٹی نے دو ہفتے کے تفصیلی تبادلہ خیال کے بعد تجاویز دی ہیں کہ چھوٹے تاجروں سے بجلی کے بلوں کے ساتھ فکس ٹیکس کسی صورت وصول نہ کیا جائے اور یہ بھی تجویز دی ہے کہ چھوٹے تاجروں کے لئے اردو زبان میں ایک صفحے پر مشتمل سادہ ریٹرن فارم متعارف کروایا جائے۔

## ملک بھر کے زائد بجلی بلوں کی تحقیقات کریں، اسپیکر کی وزیر توانائی کو ہدایت

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے وفاقی وزیر توانائی خرم دستگیر کو ہدایت کی ہے کہ پورے ملک کے بجلی کے زائد بلوں کی تحقیقات کریں۔قومی اسمبلی اجلاس کے دوران اگست میں بجلی کے زائد بلوں کا معاملے پر بحث ہوئی، جماعت اسلامی کے رکن عبدالاکبر چترالی نے بجلی بلوں پر توجہ دلاؤ نوٹس پیش کیا۔

## ایک ہزار سے زائد درآمدی گاڑیاں بندرگاہوں پر کھڑی خراب ہونے لگیں

لاہور (نیوز ڈیسک) حکومتی پالیسیوں اور ٹیکسوں میں تبدیلی کی وجہ سے درآمد کی گئی سیکڑوں گاڑیاں بندرگاہوں پر کھڑی کھڑی خراب ہونے لگیں،حکومت کی جانب سے استعمال شدہ گاڑیوں کی درآمد کے حوالے سے گزشتہ چند ماہ میں ٹیکسوں اور ڈیوٹی کے اسٹرکچر میں متعدد بار تبدیلی کی گئی ہے جس کے نتیجے میں پرانی کاروں پر ٹیکسز اور ڈیوٹیوں کی شرح میں اس حد تک غیر معمولی طور پر اضافہ ہوا ہے کہ بیرون ملک سے پرانی کاریں منگوانے والے بندرگاہوں پر کاریں پہنچنے کے باوجود اپنی کاریں کلیئر نہیں کر پا رہے۔درآمد کنندگان کا کہنا ہے کہ بندگاہوں پر ایک ہزار سے زائد کاریں پھنس گئی ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# مقامی ودرآمدی بلیچ بورڈ، آفسیٹ آئی کے، آرٹ کارڈ وپیپر، فوٹو کاپی پیپر اور اسٹیکر کی قیمتوں میں کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھی گئی اور 19 اکتوبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، آرٹ کارڈ جاپان، بریف کارڈ انڈونیشیا، آرٹ پیپر جاپان او جے آئی اور ایل ڈبلیو سی، درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا، ریئل، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی، مقامی بلیچ بورڈ بوہی، درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے اور ریل کٹ، اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل اور آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش کی قیمتوں میں اضافہ دیکھنے میں آیا۔ دیگر برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو اتار چڑھاؤ ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال یہ ہے کہ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 385 روپے سے کم ہو کر 370 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ کارڈ جاپان تمام سائز تمام گرام، 415 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بریف کارڈ انڈونیشیا تمام سائز 120، 150، 180، 210 اور 230 گرام، 425 روپے سے کم ہو کر 415 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آرٹ پیپر جاپان OJI تمام سائز تمام گرام، 370 روپے سے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ ایل ڈبلیو سی جاپان تمام سائز 60 گرام، 370 روپے سے کم ہو کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انرجی سنرجی مل تمام سائز 250 گرام، 226 روپے سے بڑھ کر 240 روپے، تمام سائز 290 گرام، 223 روپے سے بڑھ کر 237 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 352 روپے سے کم ہو کر 348 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ ریئل شیٹس 352 روپے سے کم ہو کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 351 روپے سے کم ہو کر 347 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 348 روپے سے کم ہو کر 345 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ مقامی بلیچ بورڈ بوہی تمام سائز 250 اور 300 گرام، 356 روپے سے کم ہو کر 352 روپے، تمام سائز 210 گرام، 356 روپے سے کم ہو کر 352 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 390 روپے سے کم ہو کر 385 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین / ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 385 روپے سے کم ہو کر 380 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر فلائنگ ہائی فنش تمام سائز 70 گرام، 290 روپے سے بڑھ کر 300 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 940 روپے سے کم ہو کر 920 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 940 روپے سے کم ہو کر 920 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 950 روپے سے کم ہو کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 930 روپے سے کم ہو کر 900 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1120 روپے سے کم ہو کر 1100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1220 روپے سے کم ہو کر 1200 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 960 روپے سے کم ہو کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے کم ہو کر 2770 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# کاروں کی فروخت میں جولائی - ستمبر میں 56 فیصد کمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ملک میں کاروں کی فروخت میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 56 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ آل پاکستان آٹو مینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعدادوشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملک میں 25589 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 56 فیصد کم ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں 57539 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ ستمبر کے مہینہ میں ملک میں 9213 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو اگست کے مقابلہ میں 3 فیصد زیادہ اور گزشتہ سال ستمبر کے مقابلہ میں 51 فیصد کم ہے، اگست میں ملک میں 8980 یونٹس کاروں جبکہ گزشتہ سال ستمبر میں ملک میں 18971 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔ 1300 سو سی سی اور اس سے زیادہ پاور کی کاروں کی فروخت میں پہلی سہ ماہی کے دوران 36 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پہلی سہ ماہی میں 1300 سو سی سی اور اس سے زیادہ پاور کی 14862 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 23316 یونٹس تھی۔ 1000 سی سی کی کاروں کی فروخت میں پہلی سہ ماہی کے دوران سالانہ بنیادوں پر 79 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پہلی سہ ماہی میں ملک میں ایک ہزار سی سی کے 3236 یونٹس کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 15602 یونٹس تھی۔ ایک ہزار سی سی سے کم پاور کی کاروں کی فروخت میں پہلی سہ ماہی کے دوران 60 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔

## لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نئے اوقات کار

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے اوقات کار میں تبدیلی کر دی گئی۔ ترجمان کے مطابق پیر تا جمعہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری صبح ساڑھے نو بجے سے شام ساڑھے پانچ بجے تک جبکہ ہفتہ کے روز صبح ساڑھے نو بجے سے ڈھائی بجے تک کام کرے گا۔ اسی طرح پیر تا جمعرات ایک تا دو جبکہ جمعہ کے روز ایک بجے سے ڈھائی بجے تک نماز و کھانے کا وقفہ ہوگا۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# تجارتی خسارہ پہلی سہ ماہی میں 30 فیصد کمی، برآمدات میں 2.6 فیصد اضافہ، درآمدات میں 11.4 فیصد کمی ریکارڈ

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) ملک کے تجارتی خسارے میں جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں سالانہ بنیادوں پر 30 فیصد کی ریکارڈ کی گئی ، مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی برآمدات میں 2.6 فیصد اضافہ اور درآمدات میں 11.4 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے۔ پاکستان بیورو برائے شماریات کے اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملک کا تجارتی خسارہ 9.221 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 11.719 ارب ڈالر تھا، ستمبر میں ملک کے تجارتی خسارے کا حجم 2.901 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال ستمبر کے مقابلے میں 30.2 فیصد کم ہے، گزشتہ سال ستمبر میں پاکستان کے تجارتی خسارے کا حجم 4.454 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا تھا، اگست کے مقابلے میں ستمبر میں ملک کے تجارتی خسارے میں 19.2 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ اعداد وشمار کے مطابق جاری مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں پاکستان کی کل برآمدات 7.179 ارب ڈالر ریکارڈ کی گئیں جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلے میں 2.6 فیصد زیادہ ہیں، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملکی برآمدات کا حجم 6.996 ارب ڈالر رہا تھا۔ ستمبر میں ملکی برآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 1.5 فیصد نمو ریکارڈ کی گئی، ستمبر میں برآمدات سے ملک کو 2.446 ارب ڈالر کا زرمبادلہ حاصل ہوا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 2.409 ارب ڈالر تھا۔ مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں ملکی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 11.4 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی ، سہ ماہی میں ملکی درآمدات کا حجم 16.40 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں 18.71 ارب ڈالر تھا۔ ستمبر میں ملکی درآمدات میں سالانہ بنیادوں پر 18.5 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی، ستمبر میں درآمدات پر 5.347 ارب ڈالر کا زرمبادلہ صرف ہوا جو گزشتہ سال ستمبر میں 6.563 ارب ڈالر تھا۔

## راولپنڈی چیمبر کا پراپرٹی ٹیکس میں اضافہ واپس لینے کا مطالبہ

راولپنڈی (نیوز ڈیسک) راولپنڈی چیمبر آف کامرس نے کنٹونمنٹ بورڈ کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس میں اضافہ واپس لینے کا مطالبہ کیا ہے اور کہا ہے کہ کاروباری برادری ٹیکسوں میں کئی سو گنا اضافے کی متحمل نہیں ہوسکتی۔ راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے صدر ثاقب رفیق نے کینٹ بورڈ کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس میں ہوشربا اضافے پر تحفظات ظاہر کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ اسے واپس کیا جائے اور اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے تحت مسائل حل کئے جائیں۔ رفیق بھاٹیہ کی قیادت میں تاجروں کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معاشی حالات اور مہنگائی کے باعث کاروباری سرگرمیاں ماند پڑ چکی ہیں۔ اس موقع پر گروپ لیڈر سہیل الطاف، سینئر نائب صدر محمد حمزہ سروش، نائب صدر فیصل شہزاد اور ٹیچ بھاٹیہ کے تاجر نمائندے بھی موجود تھے۔ صدر ثاقب رفیق نے وفد کو یقین دلایا کہ ٹیکسوں میں اضافے کا معاملہ حکام بالا سے اٹھایا جائے گا، انہوں نے کہا کہ پراپرٹی ٹیکس، اسیسمنٹ، تجاوزات اور ٹریفک کے مسائل کے حل کے لئے چیمبر وفد جلد سی ای او کنٹونمنٹ سے ملاقات کرے گا۔

## ساجد اللہ صدیقی ڈی جی انٹرنیشنل ٹیکس آپریشن مقرر

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے گریڈ 21 کے آفیسر ساجد اللہ صدیقی کو ڈائریکٹوریٹ جنرل انٹرنیشنل ٹیکس آپریشن، اسلام آباد کا ڈائریکٹر جنرل مقرر کردیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے اس حوالہ سے جاری کردہ نوٹیفیکیشن کے مطابق قبل ازیں وہ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف ریمووایبل پراپرٹی اسلام آباد کے ڈائریکٹر جنرل تھے۔ ان لینڈ ریونیو سروسز کے گریڈ 20 کے آفیسر محمد ایاز نے چیف کمشنر ان لینڈ ریونیو (پشاور زون) ریجنل ٹیکس آفس کا چارج سنبھال لیا۔ اسی طرح گریڈ 20 کے آفیسر ڈاکٹر محمد اسلم مری نے کمشنر ان لینڈ ریونیو (آڈٹ تھری) کارپوریٹ ٹیکس آفس کراچی کا چارج سنبھال لیا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق گریڈ 19 کے باسط سلیم شیخ نے چیف لیگل III ان لینڈ ریونیو ونگ اسلام آباد کا چارج سنبھال لیا۔

## گورنر سندھ سے آل کراچی تاجر الائنس کے 17 رکنی وفد کی ملاقات

کراچی (نیوز ڈیسک) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری سے آل کراچی تاجر الائنس کے 17 رکنی وفد کی خواجہ جمال سیٹھی کی سربراہی میں ملاقات۔ مارکیٹوں کے اطراف تجاوزات، لوڈ شیڈنگ، اسٹریٹ کرائمز صحت و صفائی کی صورتحال اور دیگر مسائل سے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ شہر قائد کی مارکیٹوں کے تمام مسائل حل کئے جائیں گے اس ضمن میں سیف سٹی پر کام جاری ہے اس کے تحت شہر کے مختلف علاقوں میں نگہبان کیمرے نصب کئے جائیں گے۔

## لاہور چیمبر کے وفد کی یورو ایشیا پیکجنگ نمائش میں شرکت کیلئے روانگی

لاہور (نیوز ڈیسک) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے نائب صدر عدنان خالد بٹ کی سربراہی میں وفد یورو ایشیا پیکجنگ نمائش میں شرکت کے لیے جمعہ 14 اکتوبر 2022 کو استنبول روانہ ہوگیا۔ وفد یورو ایشیا پیکجنگ نمائش میں پاکستان کی نمائندگی کرے گا۔ وفد کے سربراہ اور لاہور چیمبر کے نائب صدر عدنان خالد بٹ نے کہا کہ نمائش میں شرکت کا مقصد نہ صرف دنیا کو پاکستانی مصنوعات کے بہترین معیار سے آگاہ کرنا ہے بلکہ ترکی اور پاکستان کے تاجروں کے درمیان مشترکہ منصوبہ سازی کی راہ ہموار کرنا بھی ہے۔ وفد کے دیگر اراکین میں شیخ عبدالستار، رانا جہانزیب، میاں جاوید وارث، عمران بٹ، خواجہ طارق، یاسر اقبال، سرمت عابد، اویس احمد، ایاز خان مبشر علی شامل ہیں۔

## انڈونیشیا کے مرکزی بینک نے ڈالر میں تجارت پر تنقید

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) دنیا کی 20 بڑی معیشتوں کی تنظیم جی ٹوئنٹی کے میزبان ملک انڈونیشیا کے مرکزی بینک نے درآمدی اور برآمدی لین دین میں ڈالر کے استعمال پر تنقید کی ہے اور کہا ہے کہ بین الاقوامی سطح پر ادائیگیوں کیلئے مقامی کرنسی کو ترجیح دی جائے اور ڈالر پر انحصار کم کیا جائے۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق، مرکزی بینک کے صدر نگرو ہو پراستو وو کا کہنا ہے کہ انڈونیشیا میں زیادہ تر عالمی تجارت غیر ملکی کرنسیوں میں ہوتی ہے جس میں سب سے زیادہ حصہ ڈالر کا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انڈونیشیا برآمدات اور درآمدات کیلئے 90 رفیصد تک ڈالر استعمال کرتا ہے حالانکہ انڈونیشیا سے امریکا برآمدات صرف 10 رفیصد ہی ہوتی ہیں جبکہ درآمدات صرف 5 رفیصد ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ہیلتھ منیجمنٹ کمپنی کا اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر پروکیومنٹ اینڈ کنٹریکٹس، D-42، 1/E، غالب روڈ، گلبرگ تھری، لاہور۔

فون: 042-9933226

## پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی کو پرنٹڈ اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈائریکٹر (ڈویلپمنٹ اینڈ پروکیومنٹ) 13th فلور، سوفٹ ویئر ٹیکنالوجی پارک، B-346 فیروز پور روڈ، لاہور۔

فون: 042-9000000

## سوئی ناردرن گیس کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: CA/AR/2022

سالانہ رپورٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی چیف آفیسر، کارپوریٹ افیئرز، پہلی منزل، 21 کشمیر روڈ، لاہور۔

فون: 0334-4394999

## بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2022-23/10

آفسیٹ پیپر، سائز 23x36، 68 گرام، تعداد: 108 ریم

کرافٹ پیپر، سائز 35x47، 90 گرام، تعداد: 2 ریم

کرافٹ پیپر، سائز 23.5x45، 90 گرام، تعداد: 41 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ملتان۔

فون: 9210071-5EXT:1318

## لارینس کالج کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹیبل کیلنڈر کی پرنٹنگ، تعداد 1100 کاپی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم نومبر 2022ء

برائے رابطہ: کالج آفس، گھوڑا گلی، مری۔

فون: 051-3751001-3

## پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: PEF/PROC/Admin/2022-23/11

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 نومبر 2022ء

برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیومنٹ)، L-52، گلبرگ تھری، نزد کلمہ چوک، لاہور۔

فون: 042-99232791

# کاروباری مواقع

# TENDERS

## کراچی سیکنڈری بورڈ ایجوکیشن کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BSE/P&P/469/2022

آنسر اسکرپٹ کی پرنٹنگ

تعداد: 35,50,000 کاپی

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: قائم مقام سیکریٹری، ناظم آباد، کراچی۔

فون: 021-99260252-6/99260268

## محکمہ بہبود آبادی کا پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PWDS/W&D/sty/2022-23/04

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر حوالہ نمبر:

PWDS/W&D/P&8/2022-23/05

پرنٹنگ میٹریل

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: دفتر ڈپٹی ڈائریکٹر (W&D) گیارہویں منزل، این آئی سی ایل بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، عقب FTC بلڈنگ، عباسی شہید روڈ، عقب ایف ٹی سی بلڈنگ، گورا قبرستان، کراچی۔

فون: 021-99225652

## انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر و پرنٹنگ کا ٹینڈر

☆ آنسر شیٹ 24 صفحات کی پرنٹنگ

تعداد: 4600000 کاپی

☆ کورشیٹ کی پرنٹنگ، تعداد: 700000 کاپی۔

☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 27x34، 80 گرام،

تعداد: 275 ریم

☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، سائز 27x34، 100 گرام،

تعداد: 275 ریم

☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A3 سائز 80 گرام،

تعداد: 16500 ریم

☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، A4 سائز 80 گرام،

تعداد: 10500 ریم

☆ آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، لیگل سائز 80 گرام،

تعداد: 2000 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹورز سیکشن، 86 موزنگ روڈ، لاہور۔

فون: 042-99200192-7EXT:275-309

042-992858699200183

## اکاؤنٹنٹ جنرل پنجاب کو پیپر درکار

پیپر اے فور سائز، 70 گرام، امپورٹڈ، تعداد: 1500 ریم۔

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 21 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: اکاؤنٹس آفیسر (اسٹیشنری) لاہور۔

فون: 042-99210170

## نارووال یونیورسٹی کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UON-24-08-2022-08

پیپر اے فور سائز، 70 گرام، تعداد: 1000 ریم

پیپر اے فور سائز، 80 گرام، تعداد: 100 ریم

پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 400 ریم

پیپر اے تھری سائز، 80 گرام، تعداد: 20 ریم

اسٹیشنری آئٹمز

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 25 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: سیکریٹری سینٹرل پرچیز کمیٹی، نیو کیمپس، شکر گڑھ روڈ، نارروال، پاکستان۔

فون: 0542-920050

## فاطمہ جناح وومن یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

آنسر شیٹ کی پرنٹنگ

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: چیئرمین پرچیز کمیٹی، دی مال، راولپنڈی۔

فون: 051-9292900EXT:1166

## فیصل آباد انٹرمیڈیٹ بورڈ کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 320/ss/2022

آفسیٹ پیپر امپورٹڈ، اے تھری سائز، 80 گرام،

تعداد: 12,590 ریم

کمپیوٹر پیپر، اے فور سائز، 75 گرام، تعداد: 1400 ریم

پیپر امپورٹڈ، اے تھری سائز، 100 گرام، تعداد: 500 ریم

لوکل پیپر وائٹ، سائز 27x17، 68 گرام، تعداد: 100 ریم

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: اسٹور برانچ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔

## NAB کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1/393/2022-23

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 24 اکتوبر 2022ء

برائے رابطہ: نیشنل اکاؤنٹیبلیٹی بیورو، نیب کمپلیکس، ٹھوکر نیاز بیگ، لاہور۔

فون: 042-99232621



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## دسویں ماہانہ پی او ایس اسکیم کی قرعہ اندازی کا کوئٹہ میں انعقاد

